## خیبر ایجنسی میں بارشوں کے باعث متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔28، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے علاقے خیبر ایجنسی میں شدید بارشوں کے نتیجے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے طوفانی بارشوں کے زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گلشن اقبال، گلستان جوہر، لیاقت آباد اور عثمان ٹیکری ویلیج گڈاپ اور کیماڑی کے مختلف علاقوں کے دورے کیے متاثرین میں غذائی اجناس کی تقسیم، بجلی کی بحالی، سیوریج کے گندے پانی کی نکاسی، تاروں کی درستگی کے کام ہنگامی بنیادوں پر کرائے

کراچی۔۔۔28، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی میں شدید آندھی اور طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کی امداد کا سلسلہ جاری ہے جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست عوامی نمائندے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رکن سندھ اسمبلی عباس جعفری اور ٹاؤن ناظم واسع جلیل نے گلشن اقبال کے معمار بلاک 1 میں KESC کے سب اسٹیشن کا دورہ کیا اور بجلی کی ترسیل کا سلسلہ بحال کرایا جس سے علاقے میں بارش کے باعث کئی گھنٹوں سے پیدا ہونے والا بجلی کا تعطل ختم ہوگیا۔انہوں نے گلشن اقبال کے علاقے میں پانی کی عدم فراہمی کی شکایات پر پمپنگ اسٹیشن کا دورہ کیا اور اپنی نگرانی میں ہالی وڈ بیکرز راشد منہاس روڈ پر کھڑے سیوریج کے گندے پانی کی نکاسی کرائی۔بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستار نے گلستان جوہر ایوب گوٹھ کا دورہ کرکے یہاں شدید بارش کے باعث گر جانے والے مکانات کا معائنہ کیا اور متاثرین کو ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر متاثرین بارش سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی بھر میں بارش متاثرین کے مسائل اور ان کی مشکلات کے حل کیلئے عملی طور پر کوشاں ہے اور اس سلسلے میں حق پرست منتخب نمائندوں، وزراء، ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کے کارکنان کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کیلئے ہرممکن کردار ادا کیا جارہا ہے۔اسی طرح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے عثمان ٹیکری ویلیج گڈاپ کا دورہ کرکے بارش سے متاثرہ افراد میں ایک ٹرک پر مشتمل غذائی اجناس تقسیم کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے لیاقت آباد ڈاکخانہ بی ون ایریا میں بارش کے باعث زمین میں پڑنے والے گڑھوں کو پر کرنے کیلئے متعلقہ حکام کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔انہوں نے اپنی نگرانی میں اعظم نگر، قاسم آباد اور لیاقت آباد نمبر 5 کے علاقوں میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے انتظامات کروائے اور بجلی کے ٹوٹے ہوئے تاروں کو KESC کے عملے کے ذریعے درست کروایا۔اس موقع پر انہوں نے علاقے کے لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم عوامی جماعت ہے اور عوام کی عملی خدمت ایم کیوایم کی ترجیحات میں شامل ہے۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے بارش سے متاثرہ کیماڑی ٹاؤن، بابا آئی لینڈ، منوڑا، بابا بھٹ اور صالح آباد کے جزیروں کا 5، گھنٹوں پر مشتمل دورہ کیا اور متاثرین سے ملاقاتیں کرکے ان کے مسائل معلوم کئے۔وہ کشتیوں کے ذریعے متاثرہ جزیروں میں پہنچے اور بارش کے باعث گرے ہوئے مکانات کا جائزہ لیا۔جبکہ حق پرست رکن قومی اسمبلی نثار پہنور نے بن قاسم ٹاؤن میں بارش سے متاثرہ مختلف گوٹھوں کا دورہ کرکے متاثرین کے مسائل معلوم کئے اور ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن کے کارکنان راشد جاوید اور محمد اسلم کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔28، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر الہ آباد گوٹھ یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن کے کارکن راشد جاوید ولد ناصر جاوید اور محمد اسلم ولد سیف کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم کے تحت بارشوں سے متاثرہ افراد کیلئے الہ آباد گوٹھ یوسی 4 گڈاپ ٹاؤن میں طبی کیمپ کا انعقاد

کراچی۔۔۔28، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی میں آندھی اور طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کو علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ آج بھی جاری رہا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کے تحت الہ آباد گوٹھ یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن میں جمعرات کی صبح ایک بڑا طبی کیمپ لگایا گیا جہاں متاثرین کو علاج ومعالجہ کی تمام سہولیات فراہم کی گئیں۔طبی کیمپوں پر مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا،انہیں ادویات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ وبائی امراض سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا۔ایم کیوایم کی جانب سے تیسر ٹاؤن،قصبہ علیگڑھ اور جاران گوٹھ میں لگائے گئے طبی کیمپوں میں متاثرین کو چوبیس گھنٹے علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ان طبی کیمپوں پر مریضوں کا زبردست ہجوم دکھائی دے رہا ہے جو بارش کے باعث مختلف حادثات میں زخمی ہوئے اور وبائی امراض میں مبتلا ہیں۔ایم کیوایم کی جانب سے طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے طبی اور امدادی کیمپوں کے انعقاد کو عوامی سطح پر زبردست پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔

## ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکن محمد کاشف کے والد عبدالمجید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## کراچی کے شہریوں کو جون کے بلوں سے جلد از جلد مستثنیٰ قرار دیا جائے،ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔28، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے وزیر اعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کے شہریوں سے جون کے مہینے کا بجلی کا بل نہ لیا جائے اور یہ بل وفاقی حکومت ادا کرے۔اپنے مشترکہ بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں وزیر اعظم شوکت عزیز نے کراچی کے شہریوں کا جون کا بل وفاقی حکومت کی جانب سے ادا کرنے کے سلسلے میں ہمدردانہ غور کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے جس پر جلد از جلد کارروائی کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ جون کے مہینے میں کراچی کے شہری مسلسل بجلی کے بحران اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا عذاب جھلتے رہے ہیں جس کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ جب شہری بجلی جیسی بنیادی سہولت سے ماہ جون میں محروم رہے ہیں اور صنعتی وکاروباری سرگرمیاں بجلی کی عدم فراہمی کے باعث متاثر رہی ہے تو یہ عوام کا حق ہے کہ انہیں ماہِ جون کے بل سے مستثنیٰ قرار دیا جائے اور ریلیف فراہم کیا جائے۔ارکان قومی اسمبلی نے وزیر اعظم شوکت عزیز سے ایک مرتبہ پھر مطالبہ کیا کہ کراچی کے شہریوں کی مشکلات اور پریشانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں ماہِ جون کے بجلی کے بلوں سے مستثنیٰ قرار دیا جائے،اس سلسلے میں جلد از جلد ضروری کارروائی مکمل کی جائے اور ماہِ جون کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کا بوجھ وفاقی حکومت برداشت کرے۔

☆☆☆☆☆